آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف امین سے خبریں سُنیے۔

14/07/2025 **12:30 /PM**

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہانے بارہمولہ میں ملی ٹینسی کے شکار افراد کے نزدیکی لواحقین کو نوکریوں کے تقرر نامے پیش کئے۔ لیفٹنٹ گورنرنے کہا کہ ان متاثرہ افراد، جنہیں پاکستان کی حمایت والے دہشت گردوں نے بے رحمی سے مار ڈالا تھا ، کی داستانیں منظر عام پر لائی جا رہی ہیں۔

لیفٹنٹ گورنرنے یہ بھی کہا کہ دہشت پسندی کے شکار کنبوں کے بار ے میں حقیقت کو جان بوجھ کر دبایا گیا تھا۔انہوں نے تنازعہ کھڑا کرنے والوں کو کڑی وارننگ دی اور ان سے کہا کہ وہ ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کو نقصان پہنچانے کے بیانیہ پر روک لگائیں ۔

انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے شکار افراد کی شکایات درج کرانے کیلئے ضلعوں میں ہیلپ لائنیں قائم کی گئی ہیں، جن سے متاثرہ کو فائدہ اٹھانا چاہئے۔ انہوں نے قصور واروں کو نہ بخشنے کا لوگوں کو یقین دلایا۔

خلاءباز

مشن کی Axiom-4 بھارتی خلاءباز، گروپ کیپٹن شبھا ن شو شُکلا اور عملے کے تین افراد پر مشتمل واپسی کا سفر آج سے شروع ہوگا ۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے بتایا کہ بھارتی وقت کے مطابق اَن ڈاکنگ کا عمل آج سہ پہر ساڑھے چار بجے متوقع ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی وقت کے مطابق مشن کے اہلکار کل سہ پہر تین بجے کے قریب زمین پر واپس پہنچ سکتے ہیں۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ تین جولائی سے اب تک درشن کرنے والے یاتریوں کی تعداددو لاکھ کے ہندسے کو پار کر گئی ہے ۔

تفصیلی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر۔

آج دن میں 11بجے تک مزید 6ہزار730یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار143یاتریوں کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ہے۔

مشق

اسی بیچ شیش ناگ ، پنجترنی اور پوتر گپھا کے علاقونمیں کسی بھی طرح کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیاری کی حالت میں رہنے کی غرض سے مشقوں کا انعقاد لگاتار جاری ہے ۔

کے ITBP شیش ناگ کے زون سوم میں مشق کی نگرانی جموں کشمیر پولیس نے کی جس میں SDRF, اہلکاروں نے بھی شرکت کی-اسی طرح سے پنجترنی کے زون دوم مینمنعقدہ مشق میں اور طبی ٹیموں کے اہلکاروں نے شرکت کی - NDRF,BSF,JKAP

فوڈ سیفٹی

کشمیر وادی میں صارفین کیلئے محفوظ اور صاف شفاف غذائی چیزیں یقینی بنانے کیلئے محکمہ فوڈ سیفٹی نے ایک خصوصی مہم شروع کی ہے - مہم کے دوران پلوامہ اور بارہمولہ اضلاع کے کچھ علاقوں میں گوشت اور پنیر فروشوں کے علاوہ کچھ ریستورانوں کا معائینہ کیا گیا ۔

اس دوران صحت و صفائی کے معیار پر کھرا نہ اُترنے والے یونٹوں کے مالکان سے 35ہزار روپے کا جرمانہ وصول کیا گیا ۔ محکمہ فوڈ سیفٹی نے کھانے پینے کی چیزیں فروخت کرنے والے یونٹوں اور دکانداروں سے کہا ہے کہ وہ کسی بھی حال میں باسی اجناس صارفین کو نہ بیچیں۔

گاندربل

دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان اور پردھان منتری جن جاتی آدی واسی نیایا مہا ابھیان کے تحت ضلع گاندربل کے نِلگرار علاقے میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔

پروگرام کے دوران قبائیلی علاقے کی آبادی کیلئے مخصوص مختلف محکموں میں عملائی جا نے والی اسکیمونکے بارے میں مقامی لوگونکوجانکاری دی گئی اور مستحقین کا اندراج بھی کیاگیا۔

ریل

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ مسافروں کی سلامتی بڑھانے کی غرض سے تمام ریل گاڑیونمیں کیمرے نصب کئے جائیں گے- CCTV

اس سلسلے میں ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر مملکت رونیت سنگھ نے ایک میٹنگ کے دوران ان کیمرونکی تنصیب کا جائزہ لیا۔

شیو راج سنگھ

مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی کہ وہ نقلی اور غیر معیاری کیمائی کھادوں کی روکھتام کیلئے فوری اور سخت کارروائی کرے۔

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اس سلسلے میں تمام وزراءاعلیٰ کو ایک مکتوب لکھا ہے ، جو ملک میں نقلی کیمائی کھادونکی فروخت ،سبسڈی والی کیمائی کھادوں کی کالا بازاری اور زبردستی ٹیگ لگائے جانے کی غیر قانونی سرگرمیوں کی روکھتام کی غرض کے مقصد سے جاری کیا گیا ہے۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ